ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((477

04.10.25

**بہاول پور(            )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کا دو مقامات پر کھلی کچہری کا انعقاد۔ کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنا اور افسران کو شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے ٹالی محلہ عقب چڑیا گھر علاقہ تھانہ کوتوالی اور خانوں والی علاقہ تھانہ سمہ سٹہ میں کھلی کچہری لگائی، جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ڈی پی او کے ہمراہ متعلقہ ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز و دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تا کہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔ ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔ عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔ آخر میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال شہر کے دو مختلف مقامات میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((478

04.10.25

**بہاولپور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی اپنے دفتر میں برانچز ہیڈ کے ہمراہ پولیس ملازمین کے ساتھ میٹنگ۔جملہ ایس ایچ اوز،افسران وجوانوں کی بذریعہ ویڈیولنک شرکت۔محکمہ پولیس کو آپ پر فخر ہے،ہمیشہ محنت اور جانفشانی سے اپنے پیشہ وارانہ امور کو سرانجام دیں،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی جانب سے اپنے دفتر کے کانفرنس روم میں پولیس ملازمین کے مسائل کے حوالے سے میٹنگ کاانعقاد کیا۔اس موقع پر ضلع بھرسے اپر سپارڈنٹ ولوئر سپارڈنٹ اور کنسٹبلان نے بذریعہ ویڈیو لنگ شرکت کی۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے اپنے خطاب میں کہا کہ ضلع بھر کے پولیس ملازمان کی ویلفیئر ہماری اولین ترجیح ہے۔ڈسپلن پر عدم برداشت کی پالیسی اپنائی جائے گی۔آپ سب محکمہ پولیس کا فخر ہیں،ہمیشہ محنت اور جانفشانی سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دیں۔بدعنوانی اور پیشہ وارانہ امور میں غفلت برتنے والوں کے لئے محکمہ میں کوئی جگہ نہیں ہے۔اگر آپ میں سے کسی کو بھی کوئی بھی مسئلہ ہو تو وہ میرے ذاتی نمبر پر بلاخوف رابطہ کر سکتے ہیں۔میرے آفس کے دروازے تمام افسران کے لیے کھلے ہیں۔دربار کے اختتام پر ڈی پی او بہاولپور نے جملہ ملازمان سے باری باری ان کے مسائل دریافت کئے اور ان کے مناسب حل کے لئے احکامات جاری کئے۔آخر میں انہوں نے کہا کہ بہاولپور پولیس اسی طرز پر مزید محنت اور جدوجہد سے عوام کے مسائل اور جرائم کی کمی کے لیے دن رات کام کو یقینی بنائے گی۔

**ترجمان پولیس بہاولپور**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال اپنے آفس میں پولیس ملازمین کے ساتھ میٹنگ کر رہے ہیں اور جوانوں کے مسائل سن رہے ہیں